بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن

86- مزنگ روڈ لاہور

مراسلہ نمبر: 133 ۔رجسٹریشن — مورخہ: 25 ۔ جولائی ۔ 2022ء

نوٹیفکیشن

جملہ سربراہان تعلیمی ادارہ جات
ملحقہ لاہور بورڈ

عنوان:۔ آن لائن انرولمنٹ / داخلہ شیڈول برائے جماعت نہم (Class-IX) تعلیمی سیشن 2024-2022ء

آپ کی اطلاع کے لئے تحریر ہے کہ جماعت نہم (Class-IX) کی آن لائن انرولمنٹ /داخلہ کا درج ذیل شیڈول جاری کیا گیا ہے جس میں انرولمنٹ فیس مبلغ-/800 روپے پروسیسنگ فیس مبلغ-/395 روپے فی طالب علم/طالبہ مقرر ہے۔

سیریل نمبر	شیڈول	اداروں میں داخلہ، آن لائن ڈیٹا انٹری، بینک میں فیس جمع کروانے کا آن لائن / کمپیوٹرائزڈ اصل بینک چالان اور انرولمنٹ ریٹرن کی ہارڈ کاپی جمع کروانے کی حتمی تاریخیں (الحاق لیٹر لازمی منسلک کریں)
i	انرولمنٹ/داخلہ برائے جماعت نہم (Class-IX) بغیر لیٹ فیس (تمام سرکاری ادارے انرولمنٹ فیس سے مستثنیٰ ہوں گے لیکن پروسیسنگ فیس مبلغ-/395 روپے فی طالب علم/طالبہ بورڈ ھذا کو جمع کروانے کے پابند ہوں گے)	یکم۔اگست۔2022ء تا 30۔ ستمبر۔2022ء
ii	اصل مروجہ فیس، انرولمنٹ فیس اور پروسیسنگ فیس کے علاوہ -/500 روپے لیٹ فیس فی طالب علم /طالبہ کے ساتھ جماعت نہم (Class-IX) میں انرولمنٹ / داخلہ (تمام سرکاری، پرائیویٹ (الحاق شدہ) تعلیمی ادارے بورڈ ہذا کو جمع کروانے کے پابند ہوں گے)	یکم۔اکتوبر۔2022ء تا 30۔اکتوبر۔2022ء
iii	اداروں میں درج بالا تاریخوں تک داخل کئے گئے طلبا و طالبات کی انرولمنٹ ریٹرن اصل مروجہ فیس، انرولمنٹ فیس اور پروسیسنگ فیس کے علاوہ یومیہ جرمانہ مبلغ-/500 روپے کے ساتھ جمع کروانے کا معاملہ	ایسے طلباء وطالبات جن کا داخلہ اداروں میں مقرر کردہ درج بالا داخلہ شیڈول میں ہوا مگر انرولمنٹ ریٹرن آن لائن نہ ہو سکی/نہ ہی BATCH بن سکے/نہ ہی دفتر ہذا میں انرولمنٹ ریٹرن کی ہارڈ کاپی جمع ہوئی توان امیدواران کی انرولمنٹ ریٹرن اصل مروجہ فیس فی طالب علم/طالبہ کے علاوہ یومیہ جرمانہ مبلغ-/500 روپے فی BATCH/GROUP کے ساتھ امتحانی داخلہ فارموں کے جاری کردہ تین گنا (Tripple Fee) فیس شیڈول کی آخری تاریخ تک وصول کی جائے گی۔

ضروری نوٹ: ناظرہ قرآن حکیم بمع ترجمہ تمام طلباء اور طالبات کے لیے بطور مضمون پڑھنا لازمی ہو گا۔

ہدایات

درج بالا تاریخوں کے بعد کسی بھی ادارے کو انرولمنٹ / داخلہ کی اجازت نہیں ہوگی۔ انرولمنٹ ریٹرن کی ہارڈ کاپی اور مروجہ فیس دونوں ہی درج بالا شیڈول ٹائم میں دفتر ہذا میں جمع کروانا لازمی ہے۔ انرولمنٹ ریٹرن کی ہارڈ کاپی اور مروجہ فیس میں سے کوئی ایک بھی دفتر ہذا میں جمع نہ کروانے کی صورت میں درج بالا شق نمبر (iii) کے تحت فیس وجرمانہ ادا کرنا ہوگا۔ انرولمنٹ ریٹرن ''لیگل (8.5×14) سائز صفحہ پر اور لینڈ سکیپ (LANDSCAPE) میں پرنٹ کریں۔ بصورتِ دیگر وصول نہیں کی جائے گی۔ آن لائن انرولمنٹ ریٹرن سے متعلقہ ضروری رہنمائی بورڈ ہذا کی ویب سائیٹ (www.biselahore.com) پر بھی دستیاب ہے مینوئل (MANUAL) انرولمنٹ ریٹرن ہرگز وصول نہیں کی جائے گی۔ جماعت نہم (Class-IX) کی انرولمنٹ ریٹرن آن لائن کرتے وقت والد /والدہ/سرپرست کا شناختی کارڈ نمبر اور طالب علم/طالبہ کا 'ب' فارم نمبر لازمی درج کریں۔ طلباء اور طالبات کے کوائف کا اندراج بمطابق ''ب'' فارم کریں۔ دفتر ہذا اداروں میں داخلہ حاصل کرنے والے کسی بھی طالب علم/طالبہ کا اصل رجسٹر داخل خارج ضرورت پڑنے پر ملاحظہ کے لئے منگوا سکتا ہے۔ سربراہان ادارہ جات سے گذارش ہے کہ مزید معلومات اور رہنمائی کے لئے "کتابچے" (BOOKLET) میں درج ہدایات ملاحظہ کریں اور ان پر سختی سے عمل کریں۔ "کتابچے" کی قیمت مبلغ-/200 روپے تمام ادارے جمع کروانے کے پابند ہوں گے۔

بشریٰ بی بی
سیکرٹری